# یونیورسٹی آف انجینئر نگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور

## صوبہ پنجاب کے انجینئر نگ کے اداروں میں داخلہ کے لئے مشترکہ انٹری ٹیسٹ 2020 برائے

## (1) بی۔ایس۔سی انجینئرنگ (2) بی۔ایس۔سی انجینئرنگ ٹیکنالوجی

صوبہ پنجاب کے سرکاری اداروں میں بی۔ایس۔سی انجینئرنگ اور بی۔ایس۔سی انجینئرنگ ٹیکنالوجی کے پروگراموں میں داخلہ کے لیے مشترکہ انٹری ٹیسٹ کا انعقاد ہوگا۔

امیدواران کے انتخاب کردہ ٹیسٹ سینٹر، وقت اور تاریخ برائے موک / تجرباتی ٹیسٹ وانٹری ٹیسٹ کی تفصیل ایڈمٹ کارڈ پر درج ہوگی۔

### 1. موک / تجرباتی ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور جگہ

امیدواران کو کمپیوٹر پر ٹیسٹ دینے کی راہنمائی کے لئے موک / تجرباتی ٹیسٹ بروز ہفتہ اور اتوار 6 اور 7 جون 2020 کو Virtual Univeristy کے مختص کردہ ٹیسٹ سینٹر میں ٹیسٹ سیشن کے وقت پر منعقد ہوں گے۔

### 2. انٹری ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور جگہ

انٹری ٹیسٹ کا انعقاد بروز ہفتہ اور اتوار 13 اور 14 جون 2020 کو Virtual Univeristy کے مختص کردہ ٹیسٹ سینٹر میں ہوگا۔

### 3. انٹری ٹیسٹ میں شرکت کے مجاز؟

الف انٹری ٹیسٹ میں شرکت پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ تاہم انٹری ٹیسٹ میں شرکت کی وجہ سے کوئی امیدوار کسی انجینئرنگ یا انجینئرنگ ٹیکنالوجی کے ادارے میں داخلہ درخواست جمع کرانے یا داخلہ لینے کا حق دار نہیں قرار پائے گا۔

ب مطلع کیا جاتا ہے پاکستان انجینئرنگ کونسل اور یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے قوانین کے مطابق جن امیدواروں کی درج ذیل تعلیمی قابلیت ہے یا متوقع ہے وہ ہی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے انڈر گریجوایٹ پروگراموں میں داخلہ کے اہل ہوں گے:

☆ انٹرمیڈیٹ پری انجینئرنگ یا اس کے مساوی غیر ملکی تعلیم، یا انٹرمیڈیٹ جس میں Mathmetics,Physics and Computer Science یا Mathmetics, Physics and Statistics کے مضامین پڑھے ہوں یا اس کے مساوی غیر ملکی تعلیم، یا انٹرمیڈیٹ پری میڈیکل یا اس کے مساوی غیر ملکی تعلیم، یا ڈی اے ای، بی ایس سی (انجینئرنگ) ٹیکنالوجی، یا کوئی مساوی امتحان۔(DAE) کے مجاز شعبہ جات کی فہرست ویب لنک admission.uet.edu.pk پر موجود ہے۔

### 4. انٹری ٹیسٹ ٹوکن کی دستیابی:

انٹری ٹیسٹ ٹوکن بارہ سو (1200) روپے کی ادائیگی پر ایچ بی ایل کی نامزد شاخوں پر **06 مئی 2020** سے **01 جون 2020** تک حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔ ٹوکن پر ویب سائیٹ پر login کرنے کی تفصیلی ہدایات درج ہیں۔

### 5. انٹری ٹیسٹ کی درخواست کا پُر کرنا اور حصول ایڈمٹ کارڈ:

درخواست صرف آن لائن ہی وصول ہوگی کسی امیدوار کو کسی سینٹر میں جانا لازم نہیں ہے۔ ایڈمٹ کارڈ بھی آن لائن ہی حاصل کیا جائے گا۔

ایڈمٹ کارڈ کی وصولی کے لیئے مندرجہ ذیل مراحل سے گزرنا ہوگا۔

☆ سب سے پہلے امیدوار ٹوکن پر درج سیریل نمبر اور ٹوکن نمبر کی مدد سے ویب لنک admission.uet.edu.pk پر login ہوگا۔ اس کے بعد امیدوار اپنے کوائف پُر کرے گا۔

☆ داخلہ ٹیسٹ ایف۔ایس۔سی / انٹرمیڈیٹ کے معیار کا ہوگا۔ امیدوار مضامین کے درجہ ذیل مجموعہ جات میں سے متعلقہ مجموعہ کا انتخاب کریں گے:

i) طبعیات، ریاضی، انگریزی اور کیمسٹری ii) طبعیات، ریاضی، انگریزی اور کمپیوٹر سائنس

iii) طبعیات، ریاضی، انگریزی اور شماریات iv) طبعیات، کیمسٹری، انگریزی اور بیالوجی

☆ ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (DAE) کے حامل امیدوار کیمسٹری یا کمپیوٹر سائنس کو بطور اختیاری مضمون کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

☆ کوائف پُر کرنے کے بعد تصویر اپ لوڈ کرنے کے لیئے کہا جائے گا۔ تاکید کی جاتی ہے کہ تصویر واضع اور سامنے سے لی گئی ہو اور ہلکے پس منظر میں ہو یہ تصویر مستقبل میں امیدوار سے متعلق تمام دفتری کاغذات میں استعمال ہوگی اور اس کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔(Picture format JPG, PNG . file Size upto 1.0 MB)

☆ تصویر اپ لوڈ کرنے کے بعد امیدوار سے امتحانی مرکز کا انتخاب کرنے کو کہا جائے گا۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ "ٹیسٹ سیشن کے وقت" اور "ٹیسٹ سنٹر" کا انتخاب اپنی آسانی کے لئے اپنی رہائش / ضلع کے قریب کریں۔

☆ ہر سنٹر میں نشستیں اور سیشن محدود ہیں، اگر امیدوار کے مطلوبہ سنٹر پر تمام نشستیں پُر ہو گئیں تو انھیں متبادل ٹیسٹ سینٹر اور سیشن (کسی ایک یا دونوں) کا انتخاب کرنا ہوگا۔

☆ اس کے فوری بعد امیدوار اپنا ایڈمٹ کارڈ پرنٹ کر سکتا ہے۔

☆ داخلہ ٹیسٹ کا ایڈمٹ کارڈ آن لائن حاصل کرنے کی آخری تاریخ **02 جون 2020ء** ہے۔ جبکہ ایڈمٹ کارڈ کی کاپی داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد تک ویب پورٹل سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

## 6. انٹری ٹیسٹ کی درخواست پُر کرنے کے لیے معاونت:

مندرجہ ذیل تعلیمی اداروں میں داخلہ ٹیسٹ فارم پُر کرنے کے لئے کمپیوٹر اور پرنٹر کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔ اس سہولت کو **06 مئی 2020** سے **01 جون 2020** سوموار تا جمعہ، صبح 10:00 سے 3:00 سہ پہر (علاوہ ازیں وقفہ برائے نماز) دوران ایام کار استعمال کیا جاسکتا ہے۔ **1)** یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، مین کیمپس، لاہور **2)** یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، ٹیکسلا **3)** انجینئرنگ کالج، بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی، ملتان **4)** NFC انسٹی ٹیوٹ برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، خانیوال روڈ، ملتان **5)** انجینئرنگ کالج، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور **6)** یونیورسٹی آف گجرات، گجرات **7)** فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی (صرف خواتین کے لیے)، راولپنڈی

## 7. ضروری نوٹ:

ا) انٹری ٹیسٹ کے ٹوکن حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں سے خریدنے کی آخری تاریخ بروز پیر 01 جون 2020ء ہے۔ جبکہ داخلہ ٹیسٹ کا ایڈمٹ کارڈ آن لائن حاصل کرنے کی آخری تاریخ بروز منگل 02 جون 2020ء ہے۔

ب) داخلہ ٹیسٹ کا نتیجہ انشاءاللہ 15 جون 2020ء کی رات کو ویب لنک admission.uet.edu.pk پر upload کر دیا جائے گا۔

## 8. انٹری ٹیسٹ کے دوران شناخت کے لئے تصویر والا دستاویزی ثبوت:

امیدواروں کو نصیحت کی جاتی ہے کہ کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے درج ذیل کاغذات بروقت بنوالیں تاکہ انٹری ٹیسٹ میں شرکت کے لیے ان کی تصویری شناخت ممکن ہو سکے:

☆ نادرا کی جانب سے جاری کردہ کمپیوٹرائز شناختی کارڈ (CNIC) / NICOP

☆ 1) نادرا کی جانب سے جاری کردہ Juvenile Card یا 2) سرکاری طور پر جاری کردہ شناخت جیسا کہ میٹرک / انٹرمیڈیٹ سرٹیفکیٹ جو کہ بمعہ تصویر جاری ہوا ہو یا 3) کمپیوٹرائزڈ ڈومیسائل سرٹیفکیٹ بمعہ تصویر یا 4) پاسپورٹ یا 5) (A-Level) اے لیول طالب علم ہونے کی صورت میں سٹیٹمنٹ آف انٹری (Statement of Enty) ۔

## 9. اہم ہدایات:

☆ ایسے امیدوار جو کہ انٹری ٹیسٹ میں منتخب کردہ ٹیسٹ سینٹر اور مختص شدہ سیشن میں اگر شامل نہیں ہو سکے تو ان کو کسی اور ٹیسٹ سینٹر یا سیشن میں بیٹھنے نہیں دیا جائے گا۔

☆ چونکہ یہ ٹیسٹ کمپیوٹر بیس ہے اس لئے ری چیکنگ (Re-Checking) کی سہولت مہیا نہ ہوگی۔

☆ انٹری ٹیسٹ کی تیاری کے لئے ہدایات ہماری ویب پورٹل admission.uet.edu.pk پر دستیاب ہیں۔

## 10. حبیب بینک کی نامزد برانچیں جہاں پر انٹری ٹیسٹ ٹوکن دستیاب ہوں گے:

| Branch Name and City | Branch Code | Branch Name and City | Branch Code |
|---|---|---|---|
| LAHORE | | OKARA Building Unit No. B-II D.C-5 Chowk Depalpur | 1830 |
| 1. University of Engineering and Technology, GT Road | 0128 | RAHIM YAR KHAN Sheikh Zayed Medical College & Hospital Road | 2334 |
| 2. Bank Square, Shaharah-e-Quaid-i-Azam, The Mall | 0135 | DERA GHAZI KHAN Habib Town, Al-Ghazi Tractors, Sakhi Sarwar Road | 1975 |
| 3. Main Market Gulberg | 0172 | MULTAN | |
| 4. 278 Sector B, Block II Town Ship | 1246 | 1. Opp. Pakarab Fertilizer Factory, Mati Tal Road | 1109 |
| KARACHI 3/2/2 Lotia Chamber, M.A.Jinnah Road | 0002 | 2. HBL Building, Opposite High Court, Old Bahawalpur Road | 1270 |
| QUETTA 1-30/49 Mission Road | 0974 | 3. Bahauddin Zakariya University Branch | 1271 |
| | | 4. Bahauddin Zakariya University Branch Bosan Road | 2284 |
| PESHAWAR Khyber Bazar | 0696 | GUJRANWALA G. T. Road Sialkoti Gate | 0682 |
| ISLAMABAD | | GUJRAT Property no. B-13/1192 Circular Road | 0111 |
| 1. Block 17, F/6 Super Market | 1353 | MANDI BAHA-UD-DIN Kutchery Road | 0177 |
| 2. Aabpara Market Branch | 0112 | SIALKOT Railway Road | 0166 |
| RAWALPINDI The Mall | 0814 | NAROWAL Railway Road | 0836 |
| GILGIT Shahrah-e-Quaid-e-Azam, NLI Market | 0107 | FAISALABAD | |
| ATTOCK CANTT 1050-3 Sir Syed Road | 1605 | 1. P-832/A-1 Block 10, Circular Road | 0143 |
| WAH CANTT Aslam Market | 0170 | 2. D-Ground Peoples Colony | 1683 |
| TAXILA University of Engg. & Tech. | 1915 | JHELUM Opp. ATM, G. T. Road | 0115 |
| HYDERABAD Distt. Council Shopping Centre | 0240 | CHAKWAL Bhaun Chowk | 0372 |
| SUKKUR Military Road | 1495 | MIRPUR AJK Allama Iqbal Road, Sector C/2 | 5018 |
| BAHAWALPUR | | MUZAFFARABAD-AJ & K City Tower, Naya Mohalla | 1554 |
| 1. Islamia University Baghdad-ud-jadeed Campus | 1936 | KHUSHAB Bank Square | 0120 |
| 2. Fareed Gate, Circular Road | 0102 | MIANWALI Zaka Centre | 0184 |
| BAHAWALNAGAR Post Office Madrassa, Chishtian- Bahawalnagar Road | 2326 | SARGODHA Kutchery Bazar | 0162 |
| KHANEWAL Mouza Khanewal Kuhna | 2295 | LAYYAH Chowk Azam Road, General Bus Stand | 2372 |
| SAHIWAL Pakpattan Chowk | 1841 | JHANG Shaheed Road | 0114 |